## سوال

(660) کیا تشہد میں نظر سجدہ والی جگہ پر ہونی چاہیے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تشہد میں نظر سجدہ والی جگہ پر ہونی چاہیے۔ یا اشارے والی انگلی پر؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تشہد میں نگاہ اشارے والی انگلی پر ہونی چاہیے۔ حدیث میں ہے:

’لَایُجَاوِزُ بَصَرُهُ اِشَارَتَهٗ ‘سنن ابی داوٗد،بَابُ الْاِشَارَةِ فِی التَّشَهُّدِ، رقم:۹۹۰"

’’اپنی نگاہ اشارے کے مقام پر رکھتے۔‘‘ (صلوٰۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم، مع تخریج، ص:۳۰۶، صفۃ الصلوۃ، علامہ البانی، ص:۱۳۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## [فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 567**

محدث فتویٰ